نمبر (۱۵)
جلد (۱۲)

گزٹ ریاست رامپور
RAMPUR STATE GAZETTE

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۴ ذیقعدہ ۱۳۴۷ھ مطابق ۱۵ اپریل سنہ ۱۹۲۹ء

فہرست مضامین

نمبر صفحہ	خلاصہ مضمون	نمبر شمار
۱ و ۲	انعام بابتہ کشتن گرگ	۱
۲	اضافہ عہدہ عدالت فوجداری	۲
۲	رخصت اسسٹنٹ سرجن ...	۳
۲	تقرر اشرف علی عہدہ ...	۴
۲	نیلام جائداد ...	۵
۲	اضافہ عہدہ دفتر تعمیرات	۶
۲ و ۳	بابتہ ترمیم ...	۷
۳	رخصت نائب محافظ ...	۸
۳	... تصحیح گرداوری	۹
۳	اضافہ عہدہ محافظ ...	۱۰

حکم اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

انعام

۹ اپریل سنہ ۱۹۲۹ء

بھیڑیے کا مارنے کا انعام بجائے دس روپیہ کے بیس روپیہ مقرر کیا جاتا ہے۔ کاغذ واپس ہو۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

امر عرض — پیر سالہ

جناب عالی

نقل رپورٹ منسلکہ متعلقہ تھانہ شاہ آباد مصدقہ سپرنٹنڈنٹ پولیس منسلکہ ہذا بغرض ملاحظہ و صدور حکم ارسال بحضور ہے۔ والادب۔

دستخط سرکار صاحب چیف سکریٹری بہادر ریاست
معروضہ ۸ اپریل سنہ ۱۹۲۹ء

تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس

بھیڑیہ بچہ ایک لڑکی عمری دو سالہ دختر ... کو اٹھا کے لے گیا جیسا کہ نقل رپورٹ منسلکہ سے جو کہ ڈائری مورخہ ۹ مارچ سنہ ۱۹۲۹ء سے ظاہر ہے۔ اور فی بھیڑیہ دس روپیہ انعام سرکار سے مقرر فرمایا گیا ہے۔ باوجود کوشش اب تک کوئی بھیڑیہ نہیں مارا گیا ہے۔ اگر بجائے دس کے بیس فی بھیڑیہ مقرر فرمایا جائے۔ تو شاید زیادہ کوشش سے کوئی بھیڑیہ مارا جائے۔ لہذا بغرض منظوری باجلاس اعلےٰ جناب صاحب سکریٹری بہادر جنرل ... و تعمیرات پیش ہو۔ ۸ اپریل سنہ ۱۹۲۹ء

دستخط صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس

حکم اجلاس صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت

صدور احکام ضابطہ جاری ہو کر اصل سررشتہ پولیس کو مرسل ہو - ۱۰ اپریل ۱۹۲۹ء

دستخط صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

اضافہ

۹ اپریل ۱۹۲۹ء

مثبتہ تحریر صاحب چیف مجسٹریٹ ضلع دربارہ اضافہ تنخواہ منشی رشید حسن بیگ اہلمد اجلاس بوجہ کمی تنخواہ از دیگر اہلمدان -

حکم

حسب سفارش صاحب چیف مجسٹریٹ - رشید حسن بیگ اہلمد شعبۂ عدالت فوجداری کی تنخواہ میں دو روپیہ ماہوار اضافہ کیا جاتا ہے - احکام ضابطہ جاری ہوں -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۸ اپریل ۱۹۲۹ء

مثبتہ تحریر چیف میڈیکل افسر صاحب دربارہ منظوری رخصت علالتی یکماہ من ابتدا ۳۰ مارچ ۱۹۲۹ء لغایت ۲۹ اپریل ۱۹۲۹ء سے ڈاکٹر کاظم علی سب اسسٹنٹ سرجن شعبۂ شفاخانہ ملک بوجہ مبتلا ہو جانے بمرض فالج -

حکم

ڈاکٹر کاظم علی شعبۂ شفاخانہ ملک کی رخصت علالتی یکماہ بوجہ بیماری حسب سفارش چیف میڈیکل افسر صاحب منظور ہے - احکام ضابطہ جاری ہوں -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تقرر

۱۰ اپریل ۱۹۲۹ء

اشرف علی مدرس کرا تحصیل شاہ آباد کئی ماہ تک رخصت پر رہا - آخر رخصت ۱۴ فروری ۱۹۲۹ء کو ختم ہوئی - نامبردہ بعد ختم رخصت نہ اپنی خدمت پر حاضر ہوا نہ کوئی درخواست رخصت پیش کی - لہذا اشرف علی مذکور ۱۵ فروری ۱۹۲۹ء سے برخاست کیا گیا ہے - بجائے نامبردہ کے احمد اللہ خان جو اشرف علی مذکور کا عوض ہے - ۱۵ فروری ۱۹۲۹ء سے بمشاہرہ [illegible] امتحاناً برائے چند ماہ مقرر کیا گیا - لہذا

حکم ہے کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

نیلام

۸ اپریل ۱۹۲۹ء

مثبتہ رپورٹ افسر صاحب باغات شہر دربارہ منظوری تقرر تاریخ نیلام بہار باغات شاہ آباد و سیفنی وغیرہ گھوڑا کھال و بریلی و تعیین تاریخ ۱۵ اپریل ۱۹۲۹ء بمقام فراش خانہ ریاست رامپور و نیلام آراضی اصطبل -

حکم

تاریخ ۱۵ اپریل ۱۹۲۹ء بوقت ۸ بجے صبح بمقام فراش خانہ مقرر کیجائے کاغذات واپس ہوں - رپورٹ منصرم فیلخانہ بابت نیلام آراضی دہ سالہ شامل ہے - احکام جاری ہوں -

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات

اضافہ

۹ اپریل ۱۹۲۹ء

مثبتہ رپورٹ جونیر اگزیکٹیو انجنیر صاحب دربارہ اضافہ تنخواہ عبد الرشید اہلمد دفتر اردو تعمیرات تنخواہ [illegible] بوجہ محنت و کثرت کام و کمی تنخواہ از دیگر اہلمدان -

حکم

حسب رپورٹ جونیر اگزیکٹیو انجنیر صاحب مبلغ دو روپیہ ماہوار اضافہ منشی عبد الرشید اہلمد اردو دفتر تعمیرات کی تنخواہ موجودہ میں منظور کیا جاتا ہے - بغرض اجرا احکام ضابطہ صدر کو مرسل ہو -

دستخط صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات

حکم اجلاس صاحب جونیر ریونیو سکریٹری بہادر

واقع ۴ اپریل ۱۹۲۹ء

ایک قانونی مسئلہ ہے کہ جلد بندوبست کی ترمیم سوائے صاحبان بورڈ کے اور کوئی عدالت نہیں کر سکتی ہے - جہاں کہیں کسی قسم کے کام میں ترمیم جلد بندوبست کی صورت پیش آئے اسکی منظوری اجلاس ہذا سے ہونا چاہیے - اطلاعاً واپس ہو - اور ایک نقل اطلاع عام کے لئے درج گزٹ ہو -

دستخط جونیر ریونیو سکریٹری بہادر

رپورٹ اسسٹنٹ کلکٹر درجۂ اول و سررشتہ دار صاحب صدر

جناب والا

ابتداءً جب کام میرے سپرد فرمایا گیا ہے اُسمیں منجملہ دیگر صیغہ جات کے داخلخارج معافیات غیر مشروطہ کا صیغہ بھی شامل تھا جسمیں بحیثیت کلکٹری فیصلہ جات کے اختیارات عطا فرمائے گئے تھے۔ علاوہ داخلخارج کے معافیات غیر مشروطہ میں دیگر کارروائی کرنے کو استدعا تھی جسپر میں نے رپورٹ پیش کی آخر اجلاس جناب والا سے بذریعہ عرضداشت منظوری اجلاس ہمایون حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم یہ طے فرمایا گیا کہ منجملہ آٹھ صیغہ جات کے پانچ صیغہ جات میں بحیثیت اسسٹنٹ کلکٹر درجۂ اول فیصل کرونگا۔ بقیہ تین صیغہ جات نکڑی و کورٹ و تقسیم معاوضہ کی رپورٹ اجلاس ہائے متعلق میں پیش کیجائیگی۔ چنانچہ منجملہ صیغہ جات کے یہ صیغہ داخلخارج معافیات غیر مشروطہ بھی ہے جسپر بعد تجویز بروئے ترمیم یہ طے فرمایا گیا ہے کہ داخلخارج غیر مشروطہ و نیز دیگر کارروائی معافیات غیر مشروطہ میں بحیثیت اسسٹنٹ کلکٹر درجۂ اول خود طے کرونگا۔ چنانچہ مسل ہذا بھی دیگر کارروائی غیر مشروطہ سے تعلق رکھتی ہے جسکی بنا پر فیصلہ دیا گیا۔ اب جیسا منشاء عالی ہو اُس سے مطلع فرمایا جائے۔ تاکہ تعمیل کیجائے۔ ۳ر اپریل ۱۹۲۹ء

دستخط سررشتہ دار صاحب صدر

احکام اجلاس صاحب جج نیز ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۱۰ر اپریل ۱۹۲۹ء

مثبتہ تحریر جناب صاحب چیف سکریٹری بہادر دربارہ اطلاع منظوری رخصت مزید رعایتی تین ماہ سید علی سجاد نائب محافظ دفتر صدر بحکم سرکار ابد قرار دام اقبالہم و ملکہم۔

حکم

احکام منظوری رخصت رعایتی تین ماہ جاری ہوں۔ انتظام کام موافق رخصت سابقہ رہیگا۔

دستخط صاحب جج نیز ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۹ر اپریل ۱۹۲۹ء

مثبتہ رپورٹ تحصیلدار صاحب ملک دربارہ منظوری رخصت مزید سید عابد حسین گرداور بانتظام سابق بوجہ علالت۔

حکم

عابد حسین گرداور کی تین ماہ کی رخصت منظور ہوئی تھی جو گزر گئی ہے۔ ان ایام رخصت میں بنولال پٹواری بہ تنخواہ عـہ انچارج گرداور بنایا گیا تھا۔ اور عـہ بھی سرکار سے پاتے ہو رہے ہیں۔ حلقہ بنولال پر سند یافتہ عوض مقرر ہے اور عابد حسین دو ماہ کی رخصت چاہتے ہیں جو ۳ر اپریل ۱۹۲۹ء سے شروع ہوگی۔ تصدیق موجود ہے تحصیلدار صاحب بھی سفارش منظوری رخصت کرتے ہیں۔

حکم ہوا کہ

دو ماہ کی رخصت بوضع تنخواہ بسلسلہ سابقہ اور منظور کیجاتی ہے۔ بنولال بہ تنخواہ عـہ بدستور انچارج رہیگا۔ اور حلقہ بنولال کا گماشتہ عبد الوہاب خان بدستور رہیگا۔ عـہ تنخواہ گرداور سے بھی سرکار سے ادا ہونگے۔ احکام جاری ہوں۔

دستخط صاحب جج نیز ریونیو سکریٹری بہادر

اضافہ

۹ر اپریل ۱۹۲۹ء

مثبتہ رپورٹ سررشتہ دار صاحب صدر دربارہ اضافہ تنخواہ منشی غلام سرور خان اہلمد نانڈہ مامورہ محافظ خانہ بوجہ قابلیت و حسن کارگزاری و دیرینہ ملازمت و کمی تنخواہ۔

حکم

غلام سرور خان اہلمد محافظ خانہ محالات عـہ تنخواہ پاتا ہے۔ اور ۱۹۰۰ء کا ملازم ہے۔ محافظ دفتر اور سررشتہ دار صاحب صدر اُسکی ایمانداری اور باسلوبی سرانجام خدمات کے معترف ہیں۔ ایسا دیرینہ اہلکار اور ایماندار قابل پرورش ضرور ہے۔ لہذا حکم ہوا کہ غلام سرور خان کی موجودہ تنخواہ عـہ میں دو روپیہ کا اضافہ بوجہ دیرینہ ملازمت و سرانجام خدمت باسلوبی و کمی تنخواہ کے کیا جاتا ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب جج نیز ریونیو سکریٹری بہادر